# Directorate of Education Gnct Delhi 54

## Practice Question Paper for Mid Term (2022-23)

**Paper: Sub – Urdu I**

**Class: VII**

**Time: 2 ½ Hours** **Total Marks: 60**

سوال1۔ درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 6

پونگل تمل ناڑو کا خاص تہوار ہے۔ یہ تمل مہینے تھائی یعنی جنوری فروری میں منایا جاتا ہے۔ تمل ناڈو اور سیر الہ میں اسے پونگل اور کرناٹک میں سنکراتی کہتے ہیں۔ پونگل کا لفظی مطلب ہے 'چاول کی کھیر' جو اس موقعے پر غریبوں کو کھلائی جاتی ہے۔ پونگل دراصل نئی فصل کے کٹنے سے پیدا ہونے والی خوشی، بے فکری اور مسّرت کے اِظہار کا تہوار ہے۔ یہ تین دِن تک منایا جاتا ہے۔ پہلا دِن 'بھوگی پونگل' کہلاتا ہے۔ اِس دن گھروں کی صفائی کر کے بے کار اور پرانی چیزوں کو جلادیا جاتا ہے۔

i۔ پونگل کہاں کا خاص تہوار ہے؟

(A) مہاراشٹر (B) گجرات

(C) تمل ناڑو (D) دلی

ii۔ پونگل کا لفظی مطلب کیا ہے؟

(A) چاول کی کھیر (B) دودھ کی کھیر

(C) گندم کی کھیر (D) جوار کی کھیر

iii۔ پونگل کا پہلا دِن کیا کہلاتا ہے؟

(A) سوریہ پونگل (B) مٹو پونگل

(C) بھوگی پونگل (D) اِن میں سے کوئی نہیں۔

سوال2۔ درج بالا شعری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جوابات دیجئے۔ 6

جلوہ دکھا رہا ہے کرنیں لٹا رہا ہے
کیا جی لبھا رہا ہے
او صبح کے ستارے
محفل تری کیا ہے؟ منزل تری کہاں ہے؟
کس سمت جا رہا ہے؟
او صبح کے ستارے

i۔ اِس نظم میں شاعر کس سے بات کر رہا ہے؟

(A) رات سے (B) چاند سے

(C) صبح کے ستارے سے (D) آسمان سے

ii۔ صبح کے ستارے کی منزل کہاں ہے؟

(A) زمین پر (B) ستاروں کی محفل

(C) شاعر کے گھر پر (D) اِن میں سے کوئی بھی نہیں

iii۔ لفظ ’جلوہ‘ کے کیا معنی ہیں؟

(A) رونق (B) اندھیرا

(C) شام (D) صبح

سوال3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ 6

اس میلے یا تہوار کی ابتدا تقریباً ڈھائی سو سال پہلے مغل بادشاہ اکبر شاہ ثانی کے زمانے میں ہوئی تھی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب انگریز ہندوستان کی حکومت میں دخل دینے لگے تھے۔ انگریز ہمارے ملک میں تجارت کی غرض سے آئے تھے۔ لیکن یہاں آکر انہوں نے ہندوستان کے لوگوں میں پھوٹ ڈالی اور انہیں آپس میں لڑا کر کمزور کیا۔ پھر بہت سے علاقوں پر قابض ہوگئے۔ ایک دِن مغل شہزادے مرزا جہانگیر نے ایک انگریز پر گولی چلادی۔ ریذیڈنٹ انگریز افسر ہوتا تھا جو بادشاہ کے درباری کاموں میں دخل دے سکتا تھا۔

i۔ میلے کی ابتدا تقریباً کب ہوئی؟

(A) تین سو سال پہلے (B) چار سو سال پہلے

(C) ڈھائی سو سال پہلے (D) پانچ سو سال پہلے

ii۔ انگریز ہمارے ملک میں کِس لئے آئے تھے؟

(A) سیر کرنے (B) تجارت کرنے

(C) آرام کرنے (D) اِن میں سے کوئی بھی نہیں

iii۔ درج ذیل اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) پتھر کا سوپ (B) فلسفی نوکر

(C) اعتبار (D) پھول والوں کی سیر

سوال4۔ درج ذیل درسی شعری اِقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔ 6

آیا ہے بہار کا زمانہ
باغوں کے نکھار کا زمانہ
کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں
ساری روشیں مہک رہی ہیں
ہلکی ہلکی یہ اُن کی خوشبو
پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سو
چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے
سُنتے ہیں پھول چمن میں سارے
کتنی راحت فزا ہوا ہے
گویا جنت کا در کھلا ہے

i۔ کِس کا زمانہ آگیا ہے؟

(A) جاڑے (B) گرمی

(C) برسات (D) بہار

ii۔ گیت کون گا رہا ہے؟

(A) مرغے (B) چڑیاں

(C) مینا (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

iii۔ لفظ ’ہر سو‘ کے کیا معنی ہیں۔

(A) ہر طرف (B) کنارے

(C) درخت کے کنارے (D) ندی کے کنارے

سوال5۔ نیچے دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیئے۔ 5

i۔ عید الفطر

ii۔ پسندیدہ کھیل

iii۔ یومِ آزادی

سوال6۔ اپنے پرنسپل کے نام شادی میں شرکت کے لئے دو دن چھٹی کی درخواست لکھیئے۔ 4

یا

اپنی چھوٹی بہن کو خط لکھ کر اپنے احوال بیان کیجئے۔

سوال7۔ دی ہوئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے۔ 8

i۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں سے صرف چار کے واحد کے جمع بنائیے۔

چڑیا، جھیل، دریا، پہاڑ، میوے، جھرنہ

ii۔ نیچے دیئے گئے الفاظ میں سے صرف چار کی اِملا درست کیجئے۔

باگوں، وتن، صر سبز، تر قاریاں، لڑ قا، سڑق

iii۔ کسی شخص، جگہ، چیز اور کیفیت کے نام کو ______ کہتے ہیں۔

ضمیر، صِفت، اِسم

iv۔ نیچے دیے گئے الفاظ میں سے صرف چار کے متضاد لکھیئے۔

قید، بادشاہ، برباد، پسند، ابتدا، عزت

سوال8۔ نیچے دیئے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیئے۔ 9

i۔ بوڑھے نے باورچی سے کیا درخواست کی؟

ii۔ 1941 میں سالم علی کی کون سے کتاب شائع ہوئی اور اس میں کیا بیان کیا گیا ہے؟

iii۔ ہندوستان کے مذہبی تہوار کون کون سے ہیں؟

iv۔ بابا بھارتی کے گھوڑے کی چال کیسی تھی؟

v۔ بوڑھے کو سفر کے دوران کیا مصیبت پیش آئی؟

سوال9۔ نیچے دیے گئے سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیئے۔ 6

i۔ نظم 'میرا وطن' میں شاعر نے کن کن پرندوں کا ذکر کیا ہے؟

ii۔ باغوں پر نکھار آنے کی کیا وجہ ہے؟

iii۔ دلکش چمن کِس کو کہا گیا ہے؟

iv۔ نظم 'بہار' کے شاعر کا نام بتایئے؟

سوال10۔ صحیح جملوں پر صحیح (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔ 4

i۔ کسی زمانے میں ایک بوڑھا رہتا تھا۔ وہ تھا بڑا بیوقوف ( )

ii۔ وہ ایک بار دور دراز کے سفر پر روانہ ہوا۔ ( )

iii۔ بوڑھا سردی کے مارے تھر تھر کانپ رہا تھا۔ ( )

iv۔ کتنا مزے کا ہوتا ہے پتھر کا سوپ۔ ( )

**Marking Scheme**
**Paper: Sub – Urdu I**
**Class: 7th**

1۔ i۔ (C) تمل ناڑو — 3x2 = 6
ii۔ (A) چاول کی کھیر
iii۔ (C) بھوگی پونگل

2۔ i۔ (C) صبح کے ستارے سے — 3x2 = 6
ii۔ (B) ستاروں کی محفل
iii۔ (A) رونق

3۔ i۔ (C) ڈھائی سو سال پہلے — 3x2 = 6
ii۔ (B) تجارت کرنے
iii۔ (D) پھول والوں کی سیر

4۔ i۔ (D) بہار — 3x2 = 6
ii۔ (B) چڑیاں
iii۔ (A) ہر طرف

5۔ مضمون — 5x1 = 5
تمہید۔ 1
نفیس مضمون۔ 3
اختتام۔ 1
کل نمبر۔ 5

6۔ درخواست / خط — 4x1 = 4
ساخت۔ 2
نفیس مضمون۔ 2
کل نمبر۔ 4

7۔ i۔ چڑیا۔ چڑیوں، جھیل۔ جھیلوں، دریا۔ دریاؤں، پہاڑ۔ پہاڑوں، میوے۔ میوہ، جھرنہ۔ جھرنوں — ½ x 4 = 2
ii۔ باگوں۔ باغوں، وتن۔ وطن، صرسبز۔ سرسبز، ترقاریاں۔ ترکاریاں، لڑقا۔ لڑکا، سڑق۔ سڑک — ½ x 4 = 2
iii۔ اِسم — 2x1 = 2
iv۔ قید۔ آزاد، بادشاہ۔ ملکہ، برباد۔ آباد، پسند۔ ناپسند، ابتدا۔ انتہا، عزت۔ ذلت — ½ x 4 = 2

8۔ i۔ بوڑھے نے باورچی سے کہا کہ مجھے اپن کپڑے سکھالینے دو۔ دیکھتے نہیں مارے سردی کے تھر تھر کانپ رہا ہوں اور تھک گیا ہوں۔ — 3x3=9
ii۔ 1941 میں ’ دی بک آف انڈین برڈس‘ کے نام سے ایک کتاب شائع ہوئی جس میں رنگین تصویروں کے ذریعے پرندوں کی پہچان کرائی گئی تھی۔
iii۔ ہندوستان میں دیوالی، عید، گروپرب اور کرسمس وغیرہ تہوار منائے جاتے ہیں۔
iv۔ بابا بھارتی کے گھوڑے کی چال ایسی تھی جیسے طاؤس اودی اودی گھٹاؤں کو دیکھ کر ناچ رہا ہو۔
v۔ بوڑھے کو سفر کے دوران جو کچھ تھا سب ختم ہو گیا تھا۔ وہ بھوکا رہنے پر مجبور تھا۔ اور اس کی بھوک برابر بڑھتی جا رہی تھی۔ بارش بھی نہیں رک رہی تھی۔ اس کے کپڑے بھی پانی میں بھیگ گئے تھے۔

9۔ i۔ چڑیا، طوطا، مینا، مور، کوئل، بلبل، چکور وغیرہ کا ذکر کیا ہے۔ 3x2 = 6

ii۔ بہار کی وجہ سے۔

iii۔ وطن کو کہا گیا ہے۔

iv۔ افسرؔ میرٹھی

10۔ i۔ ✗ 1x4 = 4

ii۔ ✓

iii۔ ✓

iv۔ ✓